25-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	تاریخ الفقه + أدب الاختلاف	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة العالية (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہوگا۔

1۔ قرآن مجید کے نزول کا کل عرصہ ہے:

(الف) 22سال2ماہ22دن (ب) 23سال (ج) 24سال (د) 21سال6ماہ

2۔ آپ ﷺ نزول وحی سے پہلے غار حرا میں مصروف عبادت رہے:

(الف) چار ماہ (ب) چھ ماہ (ج) سات ماہ (د) آٹھ ماہ

3۔ مکی سورتوں کی تعداد ہے:

(الف) 80 (ب) 86 (ج) 89 (د) 94

4۔ "زکوٰۃ" کا لغوی معنیٰ ہے:

(الف) طہارت (ب) برکت (ج) تعریف (د) تینوں

5۔ دنیوی عقوبات کی کل اقسام ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) چھ (د) آٹھ

6۔ دور صحابہ میں سیاسی اعتبار سے مسلمانوں کے گروہ بن گئے تھے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

7۔ حضرت ابوہریرہ کا تعلق ہے:

(الف) فقہاء مدینہ سے (ب) فقہاء مکہ سے (ج) فقہاء کوفہ سے (د) فقہاء شام سے

8۔ حضرت علقمہ بن قیس کا تعلق ہے:

(الف) فقہاء مدینہ سے (ب) فقہاء مکہ سے (ج) فقہاء کوفہ سے (د) فقہاء شام سے

9۔ احکام شرعیہ کے مصادر عہد کبار صحابہ کرام میں تھے:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

ورق الٹیے

10۔ایک وقت میں عورتوں سے شادی کرنا جائز ہے:

(الف) ایک سے (ب) دو سے (ج) تین سے (د) چار سے

11۔"الإنصاف" کے مصنف کا نام ہے:

(الف) شاہ ولی اللہ (ب) شاہ عبد الرحیم (ج) شاہ عبد العزیز (د) شاہ رفیع

12۔حضرت شاہ ولی اللہ مذہباً تھے:

(الف) حنفی (ب) مالکی (ج) شافعی (د) حنبلی

13۔صحابہ کرام آپ ﷺ سے سوال کرتے تھے:

(الف) کثرت سے (ب) درمیانے (ج) بہت قلیل (د) کرتے ہی نہیں تھے

14۔"مطلقہ ثلاثہ کے لیے نفقہ اور سکنہ نہیں ہے" یہ نظریہ تھا:

(الف) فاطمہ بنت قیس کا (ب) فاطمہ بنت اسد کا (ج) حضرت عائشہ کا (د) حضرت حفصہ کا

15۔جمہور فقہاء کے ہاں طواف میں "رمل" کرنا ہے:

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

16۔آپ ﷺ نے حج فرمایا تھا:

(الف) قران (ب) تمتع (ج) افراد (د) تینوں

17۔ابراہیم نخعی اور امام شعبی کا تعلق ہے:

(الف) فقہاء مدینہ سے (ب) فقہاء مکہ سے (ج) فقہاء کوفہ سے (د) فقہاء شام سے

18۔"لسان فقہاء مدینۃ" لقب ہے:

(الف) سعد بن مسیب کا (ب) ابراہیم کا (ج) علقمہ کا (د) امام مالک کا

19۔اہل مدینہ کے اجماع سے زیادہ تمسک کیا ہے:

(الف) امام مالک نے (ب) امام شافعی نے (ج) امام اعظم نے (د) امام احمد بن حنبل نے

20۔امام ابو یوسف اس کے دور میں "قاضی القضاۃ" بنے:

(الف) واثق باللہ (ب) توکل باللہ (ج) ہارون الرشید (د) مامون

25-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	تاریخ الفقہ + أدب الاختلاف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة العالية (السنة الثانية)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ______________________________

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "تاریخ التشریع الإسلامی" کے مصنف کا نام مع تاریخ وفات لکھیں۔

2۔ کتاب اللہ کی تعریف تحریر کریں۔

3۔ بعثت کے بعد آپ ﷺ کے مکہ میں قیام کا کل کتنا عرصہ ہے؟

4۔ کوئی سی پانچ مدنی سورتوں کے نام لکھیں۔

5۔ کوئی سے پانچ کاتبین وحی صحابہ کے نام لکھیں۔

6۔ نسخ کا اصطلاحی معنیٰ تحریر کریں۔

7۔ سنت رسول اللہ ﷺ کی تعریف کریں۔

8۔ "صوم" کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ لکھیں۔

9۔ معاملات سے کیا مراد ہے؟

10۔ خوارج کے بارے دو سطریں تحریر کریں۔

11۔ اہل مدینہ کے دور صحابہ کے کوئی سے دو مفتیوں کے نام لکھیں۔

12۔ فرض اور واجب میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "الإنصاف" کا مکمل نام تحریر کریں۔

2۔ حضرت شاہ ولی اللہ کا اصل نام مع تاریخ وفات لکھیں۔

3۔ حضرت شاہ ولی کی کوئی سے دو کتابوں کے نام لکھیں۔

4۔ حضرت شاہ ولی نے اپنی کتاب "الانصاف" کی تحریر کا کیا سبب بیان کیا ہے؟

5۔ "لا تسئال عما لم یکن" کا ترجمہ کریں۔

6۔ حج تمتع اور قران میں کیا فرق ہے؟

7۔ "بیع محاقلہ" اور "بیع مذابنہ" کی تعریفات کریں۔

8۔ امام اعظم کے چند مشہور تلامذہ کے نام تحریر کریں۔

9۔ "کان ابو حنیفة الزمهم لمذهب إبراهيم وأقرانه" کا ترجمہ کریں۔

10۔ مذہب شافعی کے تعارف پر دو سطریں لکھیں۔

11۔ مذہب مالکیہ کے تعارف پر دو لائنیں تحریر کریں۔

12۔ محدثین کے درمیان اختلاف کے اسباب میں سے کوئی ایک تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. (الف) مکی سورتوں اور مدنی سورتوں میں کیا فرق ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

(ب): مکی سورتوں اور مدنی سورتوں سے کیا مراد ہے؟

ii. تشریع اسلامی کے بنیادی اصول کتنے اور کون کونسے ہیں؟ کسی دو کی تشریح و توضیح مع امثلہ تحریر کریں۔

iii. حجیت سنت رسول پر تفصیلی نوٹ لکھیں کہ جن سے منکرین حجیت حدیث کا رد ہو جائے۔

ورق الٹئے

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. فروعات میں صحابہ کرام اور تابعین کے اختلاف کے اسباب تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. فقہاء کے درمیان اختلاف کے اسباب تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. مذاہب اربعہ کی تقلید پر ایک تفصیلی نوٹ تحریر کریں جس سے مسئلہ تقلید واضح ہو جائے۔